# مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماء وشخصیات کے تاثرات کے اقتِباسات

(قسطِ دوم)




مَدَنی چینل کے آغاز پر امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ اور تمام مسلمانوں کو مبارک باد۔ 8

مَدَنی چینل موجودہ دور کے علمی اور عملی ضروریات کا احسن طریقے سے پورا کر رہا ہے۔ 15

مَدَنی چینل فحاشی اور عریانی کے تدارک میں سنگِ میل ثابت ہوگا۔ 17

مَدَنی چینل امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی دعاؤں اور کوششوں کا نتیجہ ہے۔ 25

مَدَنی چینل لسانِ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کا امین و وارث بنے گا۔ 28



باہتمام:
مجلس رابطة بالعلماء والمشائخ
(دعوتِ اسلامی)

مکتبۃ المدینہ
SC1286

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماء و شَخصیّات کے تأثرات کے اقتِباسات (قسط دُوُم)

## دُرود شریف کی بَرَکت

آفتابِ شریعت وطریقت، شہزادۂ اعلیٰحضرت، حُجَّۃُ الْاِسلام حضرت مولانا حامد رضا خان علیہ رَحمۃُ الحنّان بَہُت بڑے عالِم عُلومِ اسلام، پروانۂ شمعِ بزمِ شاہِ اَنام، جاں نثارِ صَحابۂ کِرام، مُحِبِّ اولیائے عِظام اور عاشقِ دُرود وسلام تھے۔ جب بھی علمی وتدریسی اوقات سے فرصت پاتے ذکرو دُرود میں مشغول ہو جاتے۔ آپ کے جسمِ اقدس پر پھوڑا ہو گیا تھا جس کا آپریشن ناگُزِیر تھا۔ ڈاکٹر نے بے ہوشی کا اِنجکشن لگانا چاہا تو مَنْع فرما دیا، آپ دُرود وسلام کے وِرد میں مشغول ہو گئے، عالَمِ ہوش وحَواس میں دو تین گھنٹے تک آپریشن ہوتا رہا، دُرود شریف کی بَرَکت سے کسی قسم کی تکلیف کا آپ نے اظہار نہ ہونے دیا! (تذکِرۂ مشائخِ قادِریہ رضویہ ص ٤٨٥)

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ محمّد

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قراٰن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کا بین الاقوامی سنّتوں بھرا **اجتماع** ۱،۲،۳ ذوالقعدۃ الحرام ۱۴۲۹ھ/ 31 اکتوبر یکم 2 نومبر 2008ء مدینۃُ الاولیاء **ملتان شریف** میں بخیر وعافیت منعقد ہوا۔ پاکستان اور دیگر ممالک سے علمائے کرام ومشائخِ عظام اور عوام کے بے شمار مَدَنی قافلے اِس میں شریک ہوئے۔ **سینکڑوں ایکڑ** پر مشتمل صحرائے مدینہ **لاکھوں مسلمانوں** سے آباد ہوگیا، ہر طرف سنتوں کی بہار تھی۔ اجتماع کے آخری دن بانیٔ دعوتِ اسلامی امیرِ اَہلسنّت حضرت علّامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار** قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ نے بیان فرمایا اور اس کے بعد ذکر اللہ عزوجل، تصوّرِ مدینہ اور دعا کا سلسلہ ہوا۔ نمازِ ظہر کے بعد 12 ماہ، 30 دن، 12 دن اور تین تین دن کے بے شمار مَدَنی قافلے سنتوں کی تربیت کے لیے روانہ ہوئے۔

**ملکِ شام** سے تشریف لائے ہوئے **جامع المغربیة دمشق** کے مدیر اور سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے عظیم بُزرگ پیرِ طریقت حضرت سیدنا **شیخ رجب دیب** حَفِظَهُ اللّٰهُ تعالیٰ نے اس اجتماع کو میدانِ عرفات کے بعد **مسلمانوں کا سب سے بڑا اجتماع** قرار دیا۔ اس سنتوں بھرے اجتماع میں تشریف لائے ہوئے متعدّد علمائے

کرام اور مشائخ عظام نے دعوتِ اسلامی کے عظیم الشان کارنامے **مَدَنی چینل** کے بارے میں اپنے اپنے تأثرات قلمبند فرمائے۔ اجتماع میں تشریف لانے والوں اور دیگر علماء ومشائخ کرام کے تأثرات کے اقتِباسات حسبِ ذیل ہیں:

## (73) استاذ العلماء جامع المعقول والمنقول حضرت مولانا محمد ارشاد احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ شارحِ بخاری **غلام رسول رضوی** علیہ رحمۃ القوی، جامعہ غوثیہ احسن المدارس اڈہ چھب تحصیل میاں چنوں ضلع خانیوال پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کی عالمگیر تحریکِ احیائے سنت دن بدن ترقی کے مراحل طے کررہی ہے، اس پاکیزہ تحریک کے انوارِ رُشد و ہدایت و ثَمَراتِ تبرکات عوام وخواصِ اہلسنّت کے لیے مسعود ومسرور کن ہیں، اللہ تعالیٰ اس تحریک کے روحِ رواں فیض رساں محی السنۃ والدین امیر اہلسنّت بالیقین حضرت مولانا صوفی **محمد الیاس** قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی عمر دراز فرمائے اور اِن کے فیضان کو عام فرمائے۔ اس سلسلہ میں آپ اور آپ کے رُفقاء کی مساعیٔ جمیلہ بارگاہِ ربُّ العٰلمین میں قبول ہوں۔ مزید **مَدَنی چینل** کے اِجراء پرسعادت دارین نصیب کرے۔ آمین بجاہ النبی الکریم الامین صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلّم

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ محمّد

## (74) حضرت مولانا مفتی محمد اشفاق احمد رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفۂ مجاز آستانہ محدث اعظم پاکستان حضرت مولٰینا **سردار احمد** علیہ رحمۃ الاحد، خطیب الحراء مسجد سلو، برطانیہ)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ پوری دنیا میں **دعوتِ اسلامی** کا کام زور وشور کے ساتھ جاری وساری ہے، ربُّ العزّت مزید ترقیاں عطا فرمائے۔ خصوصاً اہل برطانیہ کے دلوں میں مَدَنی تاجدار صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی عزت وعظمت کے چراغ روشن کررہے ہیں، ربُّ العزّت قبول فرمائے اور مزید مسلمانوں کی رہنمائی کی توفیق و ہمت عطا فرمائے۔ معلوم ہوا کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا دعوتِ اسلامی نے اِجراء فرما دیا ہے جو کہ آج کے دور میں دین ودنیا میں کامیابی کا ایک بہت ہی اَحسن اِقدام ہے۔ آجکل میڈیا اور ٹی وی چینل کے ذریعے اپنے طریق سے تبلیغِ اسلام ہوسکتی ہے چونکہ آج کے دور میں عوام النّاس مساجد اور مجالس میں بہت کم آتے ہیں لیکن اپنے گھروں میں بیٹھ کر ٹی وی چینل پر معلومات کرتے رہتے ہیں، اس لیے **UK** (انگلینڈ) کے عوام کے لیے اس ٹی وی پروگرام کا ہونا اَشَد ضروری ہے لہٰذا دیگر ممالک کے ساتھ ساتھ یوکے و یورپ کے مسلمانوں کی رہنمائی کے لیے بھی جلد از جلد **مَدَنی چینل** کے ذریعے ٹی وی پر نشریات کو جاری فرمایا جائے

تاکہ مسلمانانِ یورپ اپنے عقائد کی حفاظت کرسکیں۔اللہ تعالیٰ آپ کو ترقیاں عطا فرمائے۔ہم اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی ہر وقت تعاون کے لیے تیار ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (75) حضرت مولانا پیر ابوالرضا اللہ بخش نیّر مجددی چشتی قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفۂ مجاز حضور سبحانی میاں سجادہ نشین خانقاہ رضویہ بریلی شریف وسجادہ نشین آستانہ عالیہ ہوت والا شریف جمن شاہ ضلع لیہ پاکستان)

میں تہ دل سے دعوتِ اسلامی کے تمام کارکنوں کو بالعموم اور امیر اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو بالخصوص مبارک باد پیش کرتا ہے، خدا تعالیٰ دعوتِ اسلامی کی مساعیٔ جمیلہ کو بوسیلۂ رسول علیہ الصلوۃ والسلام قبول فرمائے۔ **مَدَنی چینل** مبارک، نیک اور مستحسن کام ہے جس کے ذریعے تبلیغ دین کا کام باحسنِ وُجوہ ہورہا ہے۔فقیر کو دعوتِ اسلامی سے قلبی محبت ہے۔خدا اس محبت کو قائم رکھے۔آمین

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (76) حضرت مولانا حافظ نیاز احمد صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد گھمکول شریف، گولڈن بلاک روڈ سمال ہیتھ برمنگھم، انگلینڈ)

اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے دینِ اسلام کو تمام انسانیت کے لیے مکمل دستورِ

حیات بنا کر بھیجا ہے اور اس کی حفاظت ، تبلیغ اور نشر و اشاعت کے لیے ہر دور میں بندگانِ خدا عزوجل کو پیدا فرمایا، جنہوں نے دینِ اسلام کے عَلَم کو بلند کیا۔ اِنہیں بندگانِ خدا جل جلالہ اور غُلامانِ مصطفےٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلّم میں امیرِ اہلسنّت ابو بلال حضرت علاّمہ **محمد الیاس عطار قادری رضوی** دامت برکاتہم العالیہ کا شمار بھی ہوتا ہے۔ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی شخصیت اور ان کی سرگرمیوں کو دیکھ کر یوں کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا، معلوم ایسے ہوتا ہے کہ آپ کے سر میں دماغ عالمانہ ہے...... سینے میں دل صوفیانہ ہے...... اندازِ بیان خطیبانہ ہے...... ہاتھ میں قلم ادیبانہ ہے...... اور محنت بہت ہی مخلصانہ ہے۔ اِسی وجہ سے اللہ کریم جل جلالہ نے رسول کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلّم کے صدقے شاندار کامیابی عطا فرمائی ہے اور اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ عطا فرماتا رہے گا۔ آپ کے بارے میں بقولِ شاعر کچھ تبدیلی کے ساتھ یوں بھی کہا جاسکتا ہے۔ ؎

زمانے بھر میں چاہت کا عجب انداز دیکھا ہے
تری آنکھوں میں مَیں نے دوجہاں کا پیار دیکھا ہے
خدا رکھے تیری دعوتِ اسلامی سے سب کو وابستہ
ترے پیکر میں روشن نور کا مینار دیکھا ہے

**امیر اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ نے **دعوتِ اسلامی** کے ذریعے نوجوان نسل کے دلوں کو خوفِ خدا جل جلالہ اور عشقِ مصطفےٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم سے روشن اور منور کیا ہے، یہی وجہ ہے کہ اِن نوجوانوں کے جسم پر شریعت کے جامے اور سروں پر سنّت کے عمامے نظر آتے ہیں۔اسی طرح اب **مَدَنی چینل** کی ابتداء بھی قابلِ صد مبارک باد کارنامہ ہے، جس کی وجہ سے پوری دنیا میں اِنْ شَآءَ اللّٰہُ العَزِیز محبتِ رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی خوشبو پھیلے گی۔اس پُرفتن دور میں جب کہ بے شمار ٹی وی چینلز کفر وشرک، بدمذہبی، بدعقیدگی، عریانی اور فحاشی کا زہر دن رات اُگل رہے ہیں، میڈیا کی اس دوڑ میں ایسے اسلامی چینل کی اَشد ضرورت تھی جو مقدس دینِ اسلام کے خدائی اور مصطفائی رنگ کو پیش کر کے بھٹکی ہوئی انسانیت کو زندگی کے اصل مقصد کی دعوت دے اور ہر انسان اس دعوت کو قبول کرتے ہوئے غلامیٔ رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم میں زندگی گزار کر جب دنیا سے جائے تو زبانِ حال سے یہ کہتا ہوا جائے: **لوگو!** اس غلامیٔ رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے صدقے سے زندگی کی بازی ہار کے نہیں، جیت کے جا رہا ہوں اور تمہیں بھی دعوت دیتا ہوں کہ آ ؤ دیکھو!

رسولِ خدا کی غلامی میں کیا ہے؟ ذرا تم غلامی میں آ کر تو دیکھو

غلامی یہ ہے بادشاہی سے بہتر          اِدھر آ ؤ قسمت جگا کر تو دیکھو

اس **مَدَنی چینل** کی ابتداء پر اپنی طرف سے اور **خلیفہ اعظم گھمکول شریف خلیفہ الحاج صوفی محمد عبداللہ خان نقشبندی**، مرکزی جامع مسجد گھمکول شریف کی انتظامیہ اور نمازیوں کی طرف سے **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ اور آپ کے تمام معاونین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ **اللہ** کریم جل جلالہ اور رسول کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے صدقے اس **مَدَنی چینل** کو دن گیارھویں رات بارھویں ترقی عطا فرمائے۔ اٰمین

صَلُّوا عَلَى الْحبیب!          صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علٰی محمّد

## (77) حضرت مولانا مفتی گل رحمٰن قادری رضوی مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ شارحِ بخاری **غلام رسول رضوی** علیہ رحمۃ القوی، چارلس روڈ برمنگھم، بانی وچیئر مین جماعتِ اہلسنّت برطانیہ)

**دعوتِ اسلامی** اعتقاداً وعملاً اہلسنّت و جماعت کی عالمگیر نمائندہ مذہبی مَدَنی تحریک ہے۔ اس کے بانی ومحرّک عظیم رہنما حضرتِ علّامہ مولانا **محمد الیاس عطار** قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ ہیں۔ **فقیر محمد گل رحمٰن** قادری رضوی تقریباً بارہ (12) سال سے خواہشمند رہا ہے کہ دورِ حاضر میں عالمگیر مَدَنی کام کے لیے ضروری ہے کہ

اہلِ حق کا چینل جاری کیا جائے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِک کہ دعوتِ اسلامی کے بانی ومحرّک حضرتِ عطار قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے وقت کی ضرورت کو پیشِ نظر رکھ کر **مَدَنی چینل** کا اِجراء فرمایا۔ ہماری خواہش ہے کہ برطانیہ ویورپ کے لیے بھی جلدی سے **مَدَنی چینل** کا اِجراء فرمائیں۔ شرعی طور پر خالص مذہبی پروگراموں کے لیے **مَدَنی چینل** کا اِجراء ہر لحاظ سے جائز ہے بلکہ مستحسن ذریعۂ اِبلاغ ہے۔ برطانیہ کے علماء کرام بالعموم اور جماعت اہلسنّت کے علماء بالخصوص تائید کرتے ہیں اور حمایت وتعاون بھی کریں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (78) حضرت مولانا محمد قمر الدین اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفۂ مجاز سرکارِ کلاں حضرت **سید مختار احمد** اشرفی کچھوچھوی علیہ رحمۃ القوی ومدرس مرکزی دار العلوم عادیہ منگل، پٹنہ، بہار، ہند)

**میں** مبارکباد پیش کرتا ہوں **مَدَنی چینل** کے مخلص کارکنان کو۔ جب مجھے آگاہی ہوئی تو دل باغ باغ ہوگیا اور اس چینل کی کامیابی کے لیے میرے قلب کی اَتھاہ گہرائیوں سے دعائیں نکلنے لگیں کہ حضرت امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ نے وقت کے تقاضوں کے عین مطابق ایک بہت مفید کام کا آغاز فرمایا ہے، عوام کو

اس سے خوب استفادہ کرنا چاہیے، اس میں اسلام کے بہت سارے بنیادی معاملات ومسائل مثلاً وضونماز روزہ و دیگر عبادات کوخوب اُجاگر کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔عریانی وفحاشی کے دور میں اس چینل کا قیام اللہ تعالیٰ کا خصوصی عطیہ ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (79) حضرت مولانا محمد بوستان القادری الضیائی المدنی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ شارحِ بخاری **غلام رسول رضوی** علیہ رحمۃ القوی، چیئر مین مساجد کمیٹی مڈ لینڈز برمنگھم، برطانیہ)

**مَدَنی چینل** کی نشریات اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ فلاحِ انسانیت کے لیے مفید اور کار آمد ثابت ہوں گی۔ یہ جان کر از حد مسرت ہوئی کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور صدقہ حبیبِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم اور نگاہِ **غوثُ الثقلین** رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خیر و برکت اور حضرت قبلۂ عالم روحِ رواں دعوتِ اسلامی انٹرنیشنل کی نیک دعاؤں سے **مَدَنی چینل** کی نشریات کا آغاز ہو چکا ہے۔سائنس،ٹیکنالوجی اور میڈیا کی اہمیت وافادیت کا اس برق رفتار ترقی کے دور میں انکارنہیں کیا جاسکتا جبکہ انسان ستاروں پرکمندیں اور کائنات کے ذرّہ ذرّہ کوتسخیر کرنے کے درپے ہے، ایسے حالات میں **مَدَنی چینل** کی ضرورت اور بھی بڑھ گئی ہے۔امید ہے

**مَدَنی چینل** اوراس کی انتظامیہ اپنی پوری صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر ایک تعمیری کردار اور ظلمت کے اس گھٹا ٹوپ اندھیرے میں روشنی کی ایک کرن بن کر اپنے اردگرد کے ماحول کو روشن ومنور کرے گا۔ ہمارے علماء ومشائخ برطانیہ و یورپ کا تعاون اوران کی دعائیں ہرحال میں شامل حال رہیں گی۔اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

**(80)حضرت سیدنا الشیخ محمود خالد الشھادۃ الشافعی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نائب مدیر جامع المغربیۃ دمشق، الشام)

(اصل تحریر عربی میں ہے اس کا اردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے)

اس **مَدَنی چینل** سے ہمارے دل میں بہت زیادہ خوشی ہوئی ہے کہ یہ وہ چینل ہے جو صحیح واعتدال پسند اسلام اور عظمتِ اسلام کی تبلیغ میں ہمہ تن مصروفِ عمل ہے۔صحیح معنوں میں یہ چینل عالمِ اسلام اور اسلام کی حقیقت اور اس کے جوہر پر دلالت کرتا ہے اور جب اسلام کو اس کی حقیقت، اسلام کے نظامِ عدل ورحمت اور اسلام کی حقیقی روح کے ساتھ پیش کیا جائے تو اس کا کوئی انکار نہیں کرسکتا سوائے اس شخص کے جو اپنے اندھے اور بہرے ہونے کی وجہ سے حقیقتِ اسلام سے ناواقف

ہے۔اسلام ایسا دین ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے انسان کے لئے دنیا اور آخرت کی سعادت رکھی ہے۔ چنانچہ جب اسلام کو اس کی حقیقی صورت کے بغیر پیش کیا جائے تو ایسا نظام بن جائے گا جس میں کوئی نظم وضبط نہ ہو اور یہی چیز اس حقیقت کا انکار کرتی ہے جس کے اظہار کا **اللہ** سبحانہٗ تعالیٰ ارادہ کرتا ہے۔ہم اس **مَدَنی چینل** کی ترقی، کامیابی اور بہتری کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کرتے ہیں اور ہم اللہ تعالیٰ کے حضور ملتمس ہیں کہ وہ اس چینل کو توفیق عطا فرمائے کہ یہ اسلام کی آواز کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچائے اور ہم امید کرتے ہیں کہ **مَدَنی چینل** دنیا کی ہر زبان میں اسلام کے پیغام کو پہنچائے گا۔اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (81) الداعیۃ الکبیر حضرت سیّدنا الشیخ رجب دیب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدیر جامع المغربیۃ دمشق، الشام)

انھوں نے **مَدَنی چینل** کے بارے میں الشیخ محمود خالد الشھادۃ الشافعی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے مذکورہ تأثرات پر تائیدی دستخط فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (82) حضرت مولانا مفتی محمد اشتیاق القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفۂ مجاز علاّمہ **تحسین رضا خان** علیہ رحمۃ المنّان، فاضل دار العلوم منظر اسلام بریلی شریف، مدیر جامعۃ الامام احمد رضا، دہلی، ہند)

**اُمّتِ محمدیّہ** علی صاحبہا افضل الصلاۃ واکمل التسلیم کے ان گنت امتیازات میں یہ امتیاز بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے کہ اس کا ہر فرد اپنی طاقت وقدرت، بساط وحیثیت، اسباب ووسائل اور تاثیر وتسخیر کے مطابق اسلام کی دعوت وتبلیغ کا مکلّف وپابند ہے۔ دعوتِ اسلامی قرآن وسنت کی غیر سیاسی عالمی تحریک ہے جس نے اسلام کا آفاقی پیغام عصری تقاضوں کو مدنظر رکھ کر اطراف واکنافِ عالم میں پہنچانے کے لئے خود کو وقف کر رکھا ہے۔ عصرِ حاضر میں الیکٹرونک میڈیا کی اہمیت سے انکار وصَرفِ نظر نہیں کیا جاسکتا۔ میڈیا کے ذریعے سے آج بے شمار باطل تحریکیں اپنے باطل اَفکار ونظریات کی تبلیغ وترسیل میں مصروف ہیں اور بے شمار سادہ لوح مسلمانوں کے دین وایمان کو لوٹ چکی ہیں۔ اِن حالات میں دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** شروع کر کے وہ عظیم کارنامہ انجام دیا ہے جس پر تمام عوام وخواص اہلِ ایمان کو بصد انشراحِ صدر مبارکباد پیش کرنی چاہیے اور ہر ممکن تعاون کے ذریعے اس آلۂ دعوت وترسیل کو تقویت پہنچانی چاہیے تاکہ آوازِ حق اپنی پاکیزہ، نورانی، اسلامی، روحانی، ہمہ گیر

اور واضح شکل وصورت میں ہر فردِ بشر تک پہنچتی رہے۔ **مَدَنی چینل** کی افادیت پر تشکیک وتخریب کے دبیز پردے نہ پڑیں اس کے لئے کوشاں رہنا ہمارا اعلیٰ فریضہ ہے۔ میں پورے وثوق کے ساتھ عرض کرسکتا ہوں کہ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آئندہ چند سالوں میں **مَدَنی چینل** وہ عظیم وصالح انقلاب برپا کرپائے گا جو یقیناً عالمِ اسلام کے لئے تاریخ ساز ہوگا، اس چینل کی بقاء اور فروغ وارتقاء کے لئے تعاون، خیر پر تعاون ہے جس کا حکم ربّ کریم جل جلالہ نے ہمیں یوں دیا ہے: {وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى (پارہ٦ المائدة ٢) ترجمۂ کنزالایمان: اور نیکی اور پرہیزگاری پر ایک دوسرے کی مدد کرو } ربّ کریم عزوجل ہم کو اِحقاقِ حق اور اِبطالِ باطل کی نعمت سے سرفراز فرمائے۔ میری نیک خواہشات اور قلبی دعائیں **مَدَنی چینل** کے ساتھ ہیں۔

صَلُّوا عَلَى الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (83) حضرت مولانا پروفیسر ڈاکٹر سید شاہد علی نورانی رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نبیرہ خلیفۂ اعلیٰحضرت **سید ایوب علی رضوی** علیہ رحمۃ القوی حال مقیم باغبانپورہ مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی چینل** عالمِ اسلام کے مسلمانوں اور بالخصوص اہل پاکستان

کیلئے رہنمائی کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ یہ چینل موجودہ دور کے علمی اور عملی ضروریات کو اَحسن طریقے سے پورا کررہا ہے۔ امیرِ اہلسنّت مجاہد ملت امیر دعوتِ اسلامی علامہ محمد الیاس قادری صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی وقت کے عین مطابق اہلِ اسلام اور اہلِ ایمان کی رہنمائی فرمارہے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (84) حضرت علاّمہ مولانا مفتی شمس الھدیٰ مصباحی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سابق مدرس الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور، ہند، حال مفتی دارُالافتاء کنزالایمان، ویسٹ یارک شائرUK)

**آج** کے پرآشوب اور پُرفتن دور میں جب کہ میڈیا کا ہر چہار جانب غلغلہ ہے۔ کفار ومرتدین اور تمام فِرَقِ باطلہ پوری سرگرمی کے ساتھ اپنے باطل و عاطل عقائدونظریات کو پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعہ پوری دنیا میں پھیلانے میں مصروفِ عمل ہیں۔ جس کے سبب ہماری جوان نسل خاص طور پر گمراہی اور بے راہ روی کا شکار ہوتی جارہی ہے۔ اس تناظر میں عقائدصحیحہ کی ترویج واِشاعت کی خاطر اورقومِ مسلم کو فاسدو کاسدخیالات سے محفوظ رکھنے کے لیے **مَدَنی چینل** کا آغاز معاشرے کے مرض کا برمحل علاج ہے۔ میں نے اس کے بارے میں سُنا اور

دیکھا بھی کہ بہت سے لوگوں کی غلط فہمیوں کا ازالہ ہورہا ہے اور کتنے لوگ حلقہ بگوش اسلام ہورہے ہیں، لوگ غلط روی سے راہِ راست اپنا رہے ہیں، بد دینوں کے بیانات سننے سے باز آرہے ہیں۔ بارگاہِ ایزدی میں دست بدعا ہوں کہ اے ربّ عزوجل ہمیں، ہماری تنظیموں کو، ہمارے احباب کو حق پھیلانے اور باطل کے سدِّ باب کی سعی بلیغ کی توفیق سے نواز دے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (85) حضرت سیدنا الشیخ محمد فواز النمر الحنفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(الجامع الاموی ومعہد الفتح الاسلامی دمشق شام)

(عربی تحریر کا اردو ترجمہ پیشِ خدمت ہے)

**اللّٰہ تعالٰی** کی توفیق سے مجھے **مَدَنی چینل** دیکھنے کا موقع ملا جسے میں نے عالمِ اسلام کے لئے خیر وبرکت کا باعث پایا اور یہ اس لئے کہ اس میں نہ صرف اہلسنّت وجماعت کے عقیدے کی صحیح تعلیم دی جاتی ہے بلکہ **اللّٰہ** تعالٰی کے حضور رقت آمیز دعائیں بھی کی جاتی ہیں اور حضور صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی بارگاہ میں گلہائے عقیدت کے نذرانے بھی پیش کئے جاتے ہیں جس سے ہر مسلمان مرد وعورت

محظوظ ہورہے ہیں۔ میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس اسلامی **مَدَنی چینل** کے لئے توفیق اور تائید کی امید کرتا ہوں کہ تمام عالمِ اسلام اس چینل کی برکتوں سے مالا مال ہو اور **اللّٰہ** عزوجل کی بارگاہ میں ان لوگوں کے لئے بہترین جزا کا طلبگار ہوں جو اس **مَدَنی چینل** کی خدمت پر مامور ہیں اور عزت مآب امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس القادری العطار مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو ترقی عطا فرمائے اور ان کی روح القدس کے ذریعے مدد فرمائے۔ آمین

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (86) حضرت پیر محمد تبسم بشیر اویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی ناظم اعلیٰ تحریک اویسیہ پاکستان وسجادہ نشین مرکزی اویسیاں نارووال پاکستان)

**مَدَنی چینل** کا آغاز اہلسنّت و جماعت کے لیے نعمت سے کم نہیں۔ **مَدَنی چینل** جہاں فحاشی وعریانی کے تدارُک میں سنگِ میل ثابت ہوگا وہاں معاشرے کو حقیقی اسلامی سانچے میں ڈھالنے کے لیے بھی زبردست کردار ادا کرے گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (87) شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اکرم چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس الجامعۃ الفاطمیہ D بلاک، بہاولنگر روڈ عارف والا ضلع ساہیوال، پاکستان)

بِحَمْدِاللّٰہِ تَعَالٰی **مَدنی چینل** کے جاری کرنے میں ایک عربی شعراس کا مصداق ہے۔ ؎

عَلٰی قَدْرِالْکَدِّ تُکْتَسَبُ الْمَعَالِی

مَنْ طَلَبَ الْعُلٰی سَھِرَ اللَّیَالِی

(بلندی وشرف کا حصول ہمت وکوشش کے مطابق ہی ہوتا ہے مگر جسے بلندی حاصل کرنی ہوا سے راتوں کو جاگنا پڑتا ہے)

بِحَمْدِاللّٰہ پیرطریقت حضرت پیر محمد الیاس قادری صاحب کی شب بیداری کا صلہ ہے جو خداوند کریم نے انکے اس مشن کو پوری دنیا میں جاری کردیا ہے جو اَبَدُ الآباد تک جاری رہے گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (88) حضرت مولانا عبدالرحمٰن مجاہد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد کمرشل روڈ نیوپورٹ، چیئرمین مساجد کمیٹی ویلفیر UK)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ تعالٰی دعوتِ اسلامی UK میں دینِ متین کا بہت اچھا کام

کر رہی ہے، بہت خوشی ہوتی ہے جب مَدَنی بھائی مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت کے لیے کوشاں ہیں، اس بات کی اور خوشی ہوئی جب معلوم ہوا کہ **مَدَنی چینل** شروع ہوگیا ہے، دنیا میں مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت کے لیے بہت اچھا اِقدام ہے۔ ہم مسلمانانِ برطانیہ یہ چاہتے ہیں کہ لوگوں کے عقائد ونظریات کی حفاظت اور دینِ متین کی تبلیغ واشاعت کے لیے یوکے میں آن ایئر چینل (On-air Channel) کا آغاز کیا جائے جہاں غیروں کے چینل دن رات کام کر رہے ہیں اس میں سنّی عوام کے عقائد کی حفاظت کے لیے اشد ضرورت ہے کہ جلد از جلد **مَدَنی چینل** کا یوکے میں آغاز کیا جائے تاکہ دین ومسلک کا پیغام گھر گھر پہنچایا جاسکے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

**(89) واعظِ اسلام حضرت پیر حافظ محمد نالے مٹھو مُدَّظِلُّہُ العَالِی**

(روحانی مرکز فیضان قرآن وسنت غالب نگر فاروق نگر، لاڑکانہ، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** کی طرف سے **مَدَنی چینل** شروع کرنا ایک بہت بڑی سعادت کا کام ہے، اس کوشش پر میں مبارکباد دیتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ

قیامت تک جاری وساری رہے اوراس کا فائدہ پوری مسلم دنیا کو پہنچے۔ ہماری دعائیں ہیں کہ یہ کام روز بروز بڑھتا رہے، اس پیغام سے ہر گھر کے فرد کوسنت کی ادائیگی کی خیر ملے گی اور اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی ہر فرد جلد اس پر عمل کرے گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (90) حضرت مولانا صاحبزادہ قاری محمد فیاض الحسن صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ نور الاسلام للبنات کوٹ اسحاق گوجرانوالہ پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** محبتِ رسول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کا درس دے رہا ہے، عالمِ اسلام میں عشق مصطفےٰ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی شمع روشن ہوئی ہے اور **مَدَنی چینل** عریانی، فحاشی اور بے حیائی کے خلاف بہت بڑا جہاد ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (91) حضرت مولانا قاری غلام رسول مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر جماعت اہلسنّت پاکستان حلقہ ٹانڈہ ضلع گجرات پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** کے مخلص اراکین نے جس خلوص، جانفشانی اور تندہی کے

ساتھ اندرونِ ملک و بیرون ملک اہلسنّت کے عقائد کی ترویج واشاعت کی ہے اس کا اعتراف اپنوں کے علاوہ بیگانوں نے بھی کیا اور **مَدَنی چینل** کا اِجراء تو سونے پر سہاگہ ہے، اس سے ہر خاص و عام کو گھر بیٹھے دین سے بہرہ ور ہونے کا موقع مل رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (92) حضرت مولانا پیر نور محمد چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ چشتیہ بڑیلہ شریف تحصیل وضلع گجرات، پاکستان)

**آج پہلی دفعہ** دعوتِ اسلامی کے اجتماع میں حاضری کی سعادت نصیب ہوئی، مجھے سب سے زیادہ جس چیز نے متاثر کیا وہ گونگے، بہرے اور نابینا اسلامی بھائیوں کو مل کر سرکار مدینہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی محبت کے چراغ جلتے نظر آئے اللہ تعالیٰ امیر اہلسنّت عمّ فیوضُہٗ کی ان کاوشوں کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور **مَدَنی چینل** کو اہلسنّت کی ترویج کا اعلیٰ نمونہ بنائے جس سے ایک دنیا فائدہ اٹھائے۔ ایک انتہائی اَحسن اِقدام ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (93) حضرت مولانا منیر احمد خان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی و ناظم اعلیٰ جامعہ جلالیہ شفیقیہ منظور الکونین بھینی روڈ اسلام آباد لاہور کینٹ، خطیب جامع مسجد گنبد والی اکالی محلّہ باغبانپورہ مرکز الاولیاء لاہور)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی نے جو **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے، میں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ قبلہ امیر اہلسنّت اور مرکزی مجلس شوریٰ دعوتِ اسلامی کا یہ ایک عظیم صدقہ جاریہ ہے، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ سلسلہ ہمیشہ جاری رہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (94) صاحبزادہ پیر عثمان فرید چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ابن سجادہ نشین دربارِ عالیہ بابا فرید علیہ رحمۃ اللہ المجید پاکپتن شریف پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی جس کے بانی و امیر محسنِ اہلسنّت حضرت پیر مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ ہیں، نے بہت قلیل عرصے میں چار دانگِ عالم اسلام کا پیغام عام کیا ہے، اپنے تبلیغی وُفود (مَدَنی قافلوں) و بے پناہ مفید و اہم تحریری لٹریچر کی اشاعت کے ساتھ ساتھ اب **مَدَنی چینل** کے ذریعے بھی دعوتِ اسلامی پوری دنیا میں حضور پرنور شافع یوم النشو ر صلّی

اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی پیاری اور میٹھی سنتیں پہنچائے گی۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (95) حضرت مولانا مفتی رحمت علی نورانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ نقشبندیہ توحیدیہ اڈہ ڈومالہ نارووال، پاکستان)

**مَدَنی چینل** کے آغاز سے تمام عالمِ اسلامی میں فائدے کی بہاریں نظر آئیں گی۔ اس چینل سے الیکٹرونک میڈیا کے ذریعے استفادہ کرنے کا بہترین فیصلہ کیا گیا۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (96) حضرت مولانا محمد یعقوب اویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیف ایڈیٹر ماہنامہ تاجدار یمن نارروال، پاکستان)

**مَدَنی چینل** دفاعِ اسلام وتحفظِ عقائد واعمالِ اہلسنّت کا زبردست ذریعہ ہے، اس چینل کے آغاز سے دعوتِ اسلامی اپنی تمام تر سرگرمیاں دنیا کے سامنے بلا نوک ٹوک نشر کرسکتی ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (97) حضرت مولانا محمد شاداب رضا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلستان مدینہ، گلستان کالونی نمبر۲، سردار آباد فیصل آباد، پاکستان)

**مَدَنی چینل** ایک انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور اس وقت مغربی یلغار کے مقابلہ میں جس طرح اسلامی تعلیمات کو فروغ دے رہا ہے یہ انتہائی خوش آئند ہے۔ ہم امیرِ اہلسنّت زید مجدہٗ کو اور **مَدَنی چینل** کی تمام انتظامیہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور ان کی استقامت کی دعا کرتے ہیں۔ خدا کرے اس چینل کی رِیت پڑ جائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب!　　　　صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (98) حضرت پیر شیخ راشد ایوب قریشی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ سفینہ نوری، گلستان اوکاڑوی ڈولی کھاتہ نزد گلزار حبیب مسجد باب المدینہ کراچی)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن**، اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ اس نے امیرِ اہلسنّت دامَ ظِلُّہٗ کے ذریعے **مَدَنی چینل** عطا فرمایا۔ امیرِ اہلسنّت، مرکزی مجلس شوریٰ اور عام اسلامی بھائیوں کو مبارکباد۔ عموماً لوگ مَدَنی ماحول یا بزرگ کی صحبت کی وجہ سے نیک ہوجاتے ہیں لیکن اپنے گھر والوں کو نیکی کی دعوت نہیں دے

پاتے مگر **مَدَنی چینل** کے ذریعے وہ پیغام اور نیکی کی دعوت گھروں میں پہنچ رہی ہے۔ اب دل میں سکون ہے کہ ہم اس دنیا سے بھی چلے گئے **مَدَنی چینل** کے ذریعے گھر والوں کی اصلاح ہوگی۔ اس کے ذریعے دنیا میں اس کا پیغام پہنچے گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (99) حضرت مولانا حافظ محمد انور نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ غوثیہ مسجد بلال نونار/ ناررروال، پاکستان)

**مَدَنی چینل** سے تبلیغ دعوتِ دین کی آواز گھر گھر پہنچے گی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (100) حضرت مولانا محمد عارف راہی القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیئرمین نعت اکیڈمی امام وخطیب 128 روز فیلڈ روڈ برمنگھم، U.K)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کی عالمگیر تحریک کی برکتوں سے **اسلامی چینل** معرض وجود میں آیا ہے۔ امیرِ اہلسنّت پیرِ طریقت علّامہ محمد الیاس عطار قادری مدظلہ العالی کی دعاؤں اور محنتوں کا نتیجہ ہے کہ ایسا صاف ستھرا اسلامی

**چینل** ہمیں دیکھنے کو ملا۔ اللہ تعالیٰ بطفیلِ حبیب کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم اسے تا قیامت قائم ودائم رکھے۔ اٰمین ثُمّ اٰمین

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (101) حضرت مولانا مفتی محمد عبدالشکور رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد محمدی رضوی وناظم اعلیٰ جامعہ عبداللہ ابن مسعود یسین آباد فیصل آباد، پاکستان)

**مَدَنی چینل** اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس پُرفتن دور میں جہاں بُرائی، بے حیائی کے مقابلہ میں بہت بڑی آڑ بنے گا وہاں احیائے دین اور اہلسنّت کی تعمیر وترقی کے لئے مدد ومعاون ثابت ہوگا۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (102) حضرت مولانا قاضی فیاض احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مَدَنی کلوٹ شریف، ضلع وتحصیل ایبٹ آباد، صوبہ سرحد، پاکستان)

ہماری طرف سے عالمی مذہبی تنظیم دعوتِ اسلامی کو **مَدَنی چینل** شروع کرنے پر ڈھیروں مبارک باد قبول ہو۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ حضرت علّامہ مولٰینا پیر طریقت محمد الیاس عطار قادری صاحب کی عالمگیر تنظیم آج کے اس پُرفتن دور میں

اُمتِ مسلمہ کے لیے نشأۃِ ثانیہ کا کام کررہی ہے اور اُمتِ مسلمہ کو صحیح معنوں میں محبتِ رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم اور محبتِ سنت رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی احسن انداز میں پیش کررہی ہے۔ اب اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ بذریعہ **مَدَنی چینل** کے دونوں چیزیں لوگوں کے گھروں تک پہنچیں گی اور مسلمانوں کے گھروں سے بے حیائی اور عریانی ختم ہوگی۔ اس کے علاوہ صحیح العقیدہ علماء کرام کے بیانات سے لوگوں کے عقائد کی بھی تصحیح ہوگی۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (103) حضرت مولانا محمد نعیم المصطفٰے چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مدینہ، نائب ناظم جماعت اہلسنت پنجاب ساہیوال پاکستان)

عالمِ اسلام میں **مَدَنی چینل** جس کا اہتمام دعوتِ اسلامی نے کیا ہے، دین اسلام کی عظیم خدمت اور مسلمانوں کے لیے آقائے دو عالم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی محبت کی ترویج کا بہترین ذریعہ قائم کرکے اسلام کی بہت بڑی خدمت سر انجام دی اور سُنَّتِ رسول اللہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی ترویج واشاعت کے لیے عملی طور پر بالخصوص امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ کی

پروقار شخصیت کے پروقار سنتوں بھرے بیانات نے عالمِ اسلام کے لیے عالمِ دنیا میں انقلاب برپا کردیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں اہلسنّت و جماعت کی بہت ہی زیادہ صحیح ترجمانی فرمارہے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

**(104) حضرت مولانا مفتی محمد آصف تبسم رضوی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ تعلیمات مدرسہ انوار مدینہ نارروال، پاکستان)

**مَدَنی چینل** فیضانِ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا امین و ذریعہ بنے گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

**(105) حضرت مولانا محمد رفیق سلمان ہزاروی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب مدینہ مسجد کارڈف، U.K)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی پوری دنیا میں سرکار صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت کی شمع مسلمانوں کے دلوں میں روشن کررہی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکرادا کرتے ہیں کہ دعوتِ اسلامی دینِ مبین کا کام زوروشور سے کررہی ہے۔ اس

بات کی اور مزید خوشی حاصل ہوئی کہ **مَدَنی چینل** کا بھی آغاز ہو چکا ہے، اللہ تعالیٰ اسے مزید ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔ اہلیانِ برطانیہ کی دِلی خواہش ہے کہ **مَدَنی چینل** کو برطانیہ میں سیٹلائیٹ پر شروع کیا جائے تاکہ مزید مسلک و عقائد کی صحیح صحیح، گھر گھر میں عوام کی اصلاح کی جائے، اللہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کی کاوش کو قبول و منظور فرمائے، آمین۔ اور ہم یقین دلاتے ہیں کہ ہر معاملے میں دعوتِ اسلامی سے تعاون کریں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (106) حضرت مولانا کلیم اللہ سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نگران وناظم جامعہ انوار العلوم کچہری روڈ مدینۃ الاولیاء ملتان، پاکستان)

**بندہ ناکارہ** کو یہ جان کر بڑی خوشی ہوئی کہ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی نے اپنے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا۔ دراصل **مَدَنی چینل** بھی نیکی کی دعوت دینے کا ذریعہ ہے۔ اس سے لوگ وقتاً فوقتاً صراطِ مستقیم اور سرکار دو عالم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت اور عشق سیکھیں گے۔ لوگ جہاں بیٹھ کر غلط میڈیا دیکھتے ہیں وہاں ایک راہِ ہدایت پر لے کر آنیوالے

**مَدَنی چینل** کو دیکھ کر ہدایت بھی لیں گے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (107) حضرت مولانا اللہ رکھا جماعتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد نورانی نارروال، پاکستان)

**مَدَنی چینل** علماءِ حق وعوامِ اہلسنّت کے لیے یکساں دینی فوائد کا باعث ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (108) حضرت مولانا مفتی محمد رمضان ضیاء الباروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ اسلامیہ خیر المعاد قلعہ قاسم باغ، مدیر ادارہ ضیاء السنۃ مدینۃ الاولیاء ملتان، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** مسلکِ اہلِ سنت و جماعت کی ترویج و اشاعت اور عقائد اہلسنّت کے تحفظ اور نوجوانوں کی اصلاح کے لیے انقلابی بنیادوں پر صبح وشام کوشاں ہے، اس سلسلے میں **مَدَنی چینل** کا اِجراء اس پرفتن گمراہ کن کیبل اور بے ہودہ چینلوں سے مسلمانوں اور نوجوان نسل کو ترغیب وترہیب کی دعوت اور غیر مسلموں کو دینِ مصطفٰی صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی حقانیت کا پیغام دینے کے لیے سنگِ میل ثابت

ہوگا۔ **مَدَنی چینل** تمام اہلِ محبت عشاقِ رسول کے گھروں میں جاری اور چلنا چاہیے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (109) حضرت مولانا حافظ عطاء اللہ سکندری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس مدرسہ غوثیہ اسلامیہ،ٹھری میرواہ ضلع خیرپور میرس باب الاسلام سندھ، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا اِجراء ایک اہم انقلابی قدم ہے، اہلسنّت کی طرف سے نظریاتی سطح پر یہ **پہلا چینل** ہے جس کی جتنی بھی تحسین کی جائے کم ہے، دعوتِ اسلامی کو اس زبردست کاوش پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (110) حضرت مولانا قاری خورشید احمد فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب موتی جامع مسجد محلّہ اسلام آباد ساہیوال، پاکستان)

**جب** سے میں نے آپ کا **مَدَنی چینل** دیکھا ہے میری خوشی کی انتہا ہوگئی کیونکہ اس کے ذریعے لوگوں کے قلوب و اذہان پاکیزہ ہوں گے اور محبت رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی شمع فروزاں ہوگی۔ خدائے بزرگ و برتر امیر اہلسنّت

مدظلہ العالی کو حیاتِ خضری عنایت فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (111) حضرت مولانا ابوالفرحان محمد امین خان قادری مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ حضور پیر سید علی احمد دائم الحضوری قصوری رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ، خطیب جامع مسجد والضحٰی ساہیوال، پاکستان)

**جب** سے میں نے **مَدَنی چینل** دیکھا ہے دلی خواہش پوری ہوئی کیونکہ اس کے ذریعے عام لوگوں کو دین اسلام اور سنتوں کا پیغام پہنچے گا، بے شمار لوگ اس سے استفادہ کریں گے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (112) اُستاذ العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد عبدالطیف مجددی مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(خلیفۂ مجاز حضور مفتی **عزیز احمد** بدایونی ضیائی رحمۃ تعالٰی علیہ، شیخ الحدیث دارالعلوم جامعہ نعیمیہ مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی ہاشمی میاں** دامت برکاتہم العالیہ تصویر کی حرمت کے قائل ہونے کے باوجود اس **چینل** کی تصویر کو جائز فرماتے ہیں، اگر کوئی شخص ان کے فتوٰی کے پیش نظر فائدہ دینی پر عمل کرتا ہے تو اس کو لائقِ ملامت سمجھنا صحیح نہیں کہ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ اَوْ کَمَا قَالَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ (صحیح بخاری ج۱

ص ٥ حدیث ١ دارالکتب العلمیة بیروت) کے پیشِ نظر، واللّٰہُ ورَسُولُہ اَعْلَمُ بالصّواب

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (113) حضرت مولانا قاری غلام شبیر سولنگی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ عربیہ صدیقیہ، خطیب جامع مسجد صدیق بلاک Sمدینۃ الاولیاء نیوملتان، پاکستان)

**مَدَنی چینل** کا آغاز یقیناً عوام الناس کے لیے علومِ دینیہ کے باب سے کم نہیں ہے۔ جس سے لوگوں کے دلوں میں آقا صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی محبت وعشق کا پیغام عام کرنے میں بہت مدد ملے گی۔ یہ اہم کام کرنے کا شرف اس تنظیم (دعوت اسلامی) کو ہی حاصل ہوا۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (114) حضرت مولانا قاری محمد علی نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام مرکزی جامع مسجد لوزلز برمنگھم،U.K)

**مَاشَاءَ اللّٰہ** غیر سیاسی عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی کی برکتیں دنیا کے کونے کونے میں موجود ہیں اور امیر اہلسنّت پیر طریقت مبلغ اسلام ابو بلال محمد الیاس عطار قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی شب وروز محنت اور دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ تبلیغ دین دنیا میں عام

ہورہی ہے۔ اس وقت تقویٰ و پرہیز گاری اور سنتوں پر عمل کو دنیا میں پھیلانے میں **مَدَنی چینل** کی اشد ضرورت تھی جو حضرت صاحب کی دعاؤں سے شروع ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس چینل کے ساتھ مالی و جانی تعاون کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (115) حضرت مولانا محمد میاں مالیگ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(35 سیمور روڈ اولڈ برے U.K)

**نیک اعمال** کی ترغیب دینے والی بہترین جماعت دعوتِ اسلامی کے ایک اور تبلیغی اِقدام **مَدَنی چینل** کے عالم وجود میں آجانے کی خبر سن کر انتہائی مسرت ہوئی۔ مولیٰ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کے اس اِقدام کو بھی اس کے دوسرے مفید اقدامات کی طرح بے مثال کامیابیوں سے ہم کنار کرے۔ مسلمانوں کے قلوب اس چینل کی طرف پھیر دے۔

دعا از من و از جملہ جہاں آمین آباد

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (116) حضرت مولانا عبدالمجید مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(اسلامک انفارمیشن سینٹر برسٹول 460 اسٹاپیلیٹن روڈ ایسٹ ویلی برسٹول بیس 6PA برطانیہ)

میں دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ کا جائزہ لے رہا تھا کہ میں نے **مَدَنی چینل** کے لئے لنک دیکھا۔ سُبْحٰنَ اللّٰہ! کیا ہی خوبصورت چینل ہے اور اللہ تعالٰی کی کتنی عظیم رحمت ہے، کتنے اچھے بیانات، نعتیں اور دوسرے خوبصورت پروگرام تھے جو بہت ہی اچھے انداز میں پیش کئے گئے تھے۔ مَاشَاءَ اللّٰہ! حضور پاک صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم پر درودِ پاک کی کثرت نے تو مجھے بہت ہی متاثر کیا۔ چینل کا استعمال بہت ہی اچھا اقدام ہے، مجھے اس چینل کے ذریعے امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کا ترجمۂ قرآن، نعت اور آپ کا مشہور سلام سننے کی سعادت حاصل ہوئی، جب میں نے اس چینل کو دیکھا تو میرا دل باغ باغ ہوگیا اور میں بہت خوش تھا اور لطف اندوز ہوا۔ جب میں نے ان تمام پروگراموں کا مشاہدہ کیا تو میں نے محسوس کیا کہ گویا اس نے ایک بار پھر مدینہ منورہ میں سبز گنبد کے ساتھ رشتہ وتعلق جوڑ دیا۔ **مَدَنی چینل** پر ہر جملہ اور ہر لفظ حضور صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت اور تقویٰ سے لبریز تھا۔

یہ چینل لاکھوں مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت کا ذریعہ بنے گا اور انہیں نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم سے محبت کرنے کے طریقے سے آشنا کرے گا، سنتوں کے اتباع کی تعلیم سے بہرہ ور کرے گا۔ یہ چینل اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ! سٹیلائٹ ٹی وی کے ذریعے جو غیر اسلامی چیزیں ہمارے گھروں میں داخل ہوچکی ہیں کو ختم کرنے میں ان سے مقابلہ کرے گا اور اِنْ شَاءَ اللہ تعالیٰ تمام برے اثرات اور غیر اسلامی چینلز کی برائیاں ہمارے گھر سے دور ہو جائیں گی اور لوگ اس چینل سے محبت کرنے لگیں گے اس لئے کہ اس چینل کے آغاز کا مقصد حضور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی محبت کو پوری امت میں عام کرنا ہے۔ اس **مَدَنی چینل** کی وہ خاص بات جس سے میں بہت زیادہ محظوظ ہوا ہوں کہ اس **مَدَنی چینل** کی اولین ترجیح آقا کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم پر کثرت سے صلاۃ وسلام بھیجنا ہے، اس کے علاوہ بیانات اور درس میں ناظرین کے لئے حکمت ودانائی کے بے پناہ پیغامات ہیں جو انہیں صراطِ مستقیم کی طرف گامزن کرتے ہیں۔

**سُبْحٰنَ اللہِ** عَزَّوَجَلَّ! **مَدَنی چینل** میں جب بھی کوئی پہلا شخص گفتگو کرتا ہے تو وہ صرف محبتِ رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے بول ہی بولتا ہے اور

جب دوسرا شخص آتا ہے تو وہ بھی اپنے بیان میں نغمہ ہائے محبت رسول صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی خوشبوئیں پھیلاتا ہے اور یوں ہی ہر ایک اپنے بیان میں محبت رسول صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی باتیں کرتا ہے اور جب ناظرین ایسے پروگرام دیکھتے ہیں تو ان میں کوئی کنفیوژن نہیں رہتا، شک وشبہات دور ہو جاتے ہیں اور یہ ہی محبت رسول صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے پیغام کو عام کرنے کا بے مثال طریقہ ہے جو اس **مَدَنی چینل** کو دوسرے چینلز سے ممتاز کرتا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (117) حضرت مولانا حافظ محمد عقیل ایوب قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(رضا اسلامک ایجوکیشنل کلچرل سینٹر رضا مسجد، مرکز اہلسنّت جامعہ رضاء العلوم الاسلامیہ عربک اسٹڈیز برطانیہ)

**میں** قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے تمام اسلامی بھائیوں اور بہنوں کو دینِ اسلام کی بہترین خدمت سرانجام دینے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں، جہاں بہت سی تنظیمیں لوگوں کو باعمل مسلمان بنانے کی کوششیں کر چکیں۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہاں امیر اہلسنّت، امیر دعوتِ اسلامی مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری (اللہ تعالٰی انکی حفاظت فرمائے) نے لاکھوں لوگوں کے دل ودماغ کو نہ صرف

باعمل مسلمان بنایا، دین اسلام کی محبت میں پھیرا بلکہ رسولوں کے سردار، تاجِ رسالت کے انمول نگینے، **اللّٰہ** عزوجل کے پیغام داں، حضرت محمد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی محبت انکے دل ودماغ میں بٹھائی جنہوں نے کامیابی کے ساتھ اس بات کو دوسروں تک بھی پہنچایا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی آمد کی برکت سے مسلمانوں اور غیر مسلموں کو بہترین دین اسلام کے سچے پیغامات سمجھنے میں مزید مدد ملے گی۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (118) حضرت مولانا ثاقب عمران رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد گلزار مدینہ میلاد چوک ڈنگہ مٹھیاں کھاریاں ضلع گجرات پاکستان)

ہم بے حد شکر گزار ہیں دعوتِ اسلامی کے جس نے نوجوانوں کو نبی پاک صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی سنتوں کا پابند بنا دیا۔ اللہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کو دن دُگنی رات چوگنی ترقی نصیب فرمائے اور حضرت مولانا محمد الیاس مَتَّعَنَا اللّٰہُ بِطُوْلِ حیاتِہٖ کو لمبی عمر عطا فرمائے اور میڈیا اس وقت کی اہم ضرورت ہے، دعوتِ اسلامی کا اسلامی تعلیمات کو **مَدَنی چینل** کے ذریعہ عام لوگوں تک پہنچانا بہت اچھا اقدام ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (119) حضرت مولانا محمد فقیر اللہ خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دار العلوم محمدیہ غوثیہ گلزار طیبہ سرگودھا، پاکستان)

عالمی تحریک ''دعوتِ اسلامی'' کی دیگر فتوحات میں ایک فتح **مَدَنی چینل** ہے۔ میڈیا کے اس دور میں اہلسنّت کی جانب سے مذکورہ چینل کا اِجراء مستحسن اِقدام ہے۔ دِلی دعا ہے کہ خداوند قدوس **مَدَنی چینل** کے مَدَنی پیغام کو عام کرنے کی توفیقِ ارزانی عطا فرمائے اور اسے آقائے مدینہ علیہ الصّلوۃ والسّلام کی محبت واطاعت کو پھیلانے کا وسیلہ بنائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (120) حضرت پیر محمد طیب الرحمٰن قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیئر مین جامعہ قادریہ ٹرسٹ، مسجد اور ایجوکیشن کمیونٹی سینٹر، A26-26 الفرید اسٹریٹ اسپارک بوروک برمنگھم B12-8JL برطانیہ)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کراچی کے دورے کے دوران میں نے بذاتِ خود مشاہدہ کیا ہے کہ دعوت اسلامی نے اسلام کی صحیح تعلیمات اور درست عقیدے کی ترویج واشاعت کے لئے ایک **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے، یہ ایک ایسا عظیم

کام ہے جس کے ثمرات بہت زیادہ ہیں اور یہ ایک ایسا چینل ہے جو قرآن وسنت کے اصولوں کی روشنی میں دورِ جدید کی نئ ٹیکنالوجی کو استعمال کر کے پوری اُمت تک اسلام کا پیغام پہنچا رہا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس چینل کے ذریعے نہ صرف اسلام کے سچے عقیدے کی ترویج ہوگی بلکہ اسلام کے متعلق غلط عقائد ونظریات کا بھی قلع قمع کیا جاسکے گا۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس **مَدَنی چینل** کو کامیابی سے ہمکنار کرے اور ان لوگوں کو بھی اپنی رحمت سے نوازے جو اس عظیم برکت والے کام کی ترقی میں مخلصانہ کوشش کررہے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (121) حضرت مولانا ملک محمد جاوید اقبال کھارا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(وائس چیئرمین مدارس کونسل پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** کے زیرِاہتمام **مَدَنی چینل** کا قیام ایک قابلِ تحسین اِقدام ہے۔ عہدِ حاضر میں دینی حلقوں کو بھی ذرائعِ اِبلاغ سے فائدہ اٹھا کر مثبت مذہبی اور روحانی فکر کو عام کرنا چاہیے، امیرِ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے اس نیک کام کا آغاز کر کے اہلسنّت و

جماعت کی دیرینہ خواہش کی تکمیل کی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس **مَدَنی چینل** کو نافع اور مقبول عوام بنائے۔ یقیناً اس سے عشق رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی خوشبوئیں مزید ماحول کو معطر کریں گی۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (122) پروفیسر حافظ محمد یعقوب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ گورنمنٹ ایم اے او کالج مرکز الاولیاء لاہور)

**اس** دور میں **مَدَنی چینل** کا قیام حلقۂ اہلسنّت و جماعت کے لیے مثبت پیش رفت ہے۔ اس چینل پر وہ حضرات جلوہ گر ہوتے ہیں کہ جو خود صاحبِ عمل، باکردار اور اخلاق حسنہ کا مجسمہ ہیں، ان کا کردار و گفتار دوسروں کی نسبت زیادہ مؤثر ہوتا ہے اور قلوب پر زیادہ اثر پذیر ہوتا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (123) حضرت مولانا محمد اکبر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دار العلوم جامعہ قادریہ، خطیب جامع مسجد المنہاج گوجر خان ضلع راولپنڈی، پاکستان)

**آپ** نے چینل کے بارے میں میری رائے پوچھی بہت شکریہ، آپ کا

چینل بہت اچھا ہے، اس کی خصوصیت یہ ہے کہ تمام پروگرام شریعت کے مطابق ہوتے ہیں جن سے بہت سی دینی معلومات میسر ہوتی ہیں اورنوجوان سر پر عمامے، بدن پر سنت کالباس اور چہرے پر داڑھی کے ساتھ جب نظر آتے ہیں تو دل بہت خوش ہوتا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (124) حضرت مولانا علامہ حافظ حکیم اسحاق سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد برسٹل ٹوٹرڈاوَن، گرین اسٹریٹ برسٹل، انگلینڈ)

**مَدَنی چینل** کا سن کر بے حد خوشی ہوئی، کروڑوں عاشقانِ مدینہ شیخِ طریقت مدظلہ العالی کی زِیارت واِرشاد سے متمتع ہوں گے۔اس پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (125) حضرت مولانا محمد اشفاق احمد قادری نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد 254 ایف بلاک سبزہ زار سکیم مرکز الاولیاء لاہور)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس پرفتن دور میں **مَدَنی چینل** نے لوگوں میں دینی انقلاب پیدا کر دیا ہے۔ **مَدَنی چینل** کے ذریعے دعوت اسلامی کا

خالص دینی پیغام اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ گھر گھر، دنیا کے ہر ہر کونے میں پہنچ جائے گا۔ دعوت اسلامی نے بہت تھوڑے عرصے میں دنیا کے کونے کونے میں دین کا پیغام پہنچایا ہے، **مَدَنی چینل** پر جولوگ آتے ہیں باعمل، باکردار نظر آتے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (126) حضرت پیر سید عتیق الرحمٰن شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ابنِ خلیفہ محدث اعظم ہند **سید محمد کچھوچھوی** علیہ رحمۃ الغنی خطیب جامع مسجد رحمانیہ ابوظہبی روڈ رحیم یار خان، پاکستان)

**دعوت اِسلامی** کا رستہ کوئی نہیں روک سکتا کیونکہ دعوت اسلامی کے ساتھ اللہ ورسول عزوجل وصلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی مدد شامل حال ہے۔ دعوت اسلامی کا **مَدَنی چینل** کے ذریعے دین کا پیغام عام کرنا وقت کی ضرورت ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (127) حضرت مولانا محمد فاروق قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلزارِ حبیب، مدرس جامعہ محمدیہ معینیہ سردار آباد فیصل آباد، پاکستان)

**موجودہ** دور میڈیا کا دور سمجھا جاتا ہے اور اس دور میں جہاں میڈیا کے ذریعے فحاشی وعریانی عام کی جارہی ہے وہاں بدعقیدگی کے ایسے جال بھی بنائے

جارہے ہیں جس میں **عَوَامُ کَالْاَنْعَام** بُری طرح پھنستی جارہی ہے، بدعقیدگی کے اس عِفْرِیت کا مقابلہ کرنے کیلئے میڈیا کا سہارا مُثبت انداز میں لے کر دینِ اسلام کی تبلیغ اور عقائدِ حقّہ کی ترویج کیلئے عظیم عالمی مذہبی تنظیم ''دعوتِ اسلامی'' نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کرکے اُمّتِ مسلمہ کی دکھتی ہوئی نبض پر ہاتھ رکھا اور بدعقیدگی کے زہرِ قاتل کیلئے حُسنِ اعتقاد کا تِریاق عقائدِ اہلسنت و جماعت کی صورت میں عام کرنے کی سعی عظیم فرمائی جسکی جتنی تحسین کی جائے کم ہے۔ میں اپنے ''ادارہ جامعہ محمدیہ معینیہ فیصل آباد'' کی طرف سے اس قابلِ قدر اور مؤثر پروگرام کے شروع کرنے پر دعوتِ اسلامی اور حضرت صاحب کو ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (128) حضرت مولانا منظور احمد سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد انوار محمد صادق ٹاؤن رحیم یار خان، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** فیضانِ غزالیٔ دوراں حضرت سید سعید احمد کاظمی (رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ) ہے۔ **اللہ** عزوجل دعوت اسلامی والوں کی مدد فرمائے، بہت اچھا کام کررہے ہیں۔ میں روزانہ **مَدَنی چینل** دیکھتا ہوں، **مَدَنی چینل** پر امیر

اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری صاحب کا بیان ''گھر امن کا گہوارہ کیسے بنے؟'' بہت اچھا لگا ہے، اسے بار بار **مَدَنی چینل** پر چلانا چاہئے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (129) حضرت مولانا حافظ قاری عبد الغفور مصطفائی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام مسجد ہال گرین برمنگھم U.K)

اَلْحَمْدُلِلّٰہ ثُمَّ اَلْحَمْدُلِلّٰہ پوری دنیا میں دعوتِ اسلامی کا کام زور وشور کے ساتھ جاری و ساری ہے، ربُّ العزت مزید ترقیاں عطا فرمائے۔ دعوت اسلامی والے خصوصاً اہلِ برطانیہ کے دِلوں میں مَدَنی تاجدار صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی عزت و عظمت کے چراغ روشن ومنور کررہے ہیں، اللّٰہ تعالٰی قبول ومنظور فرمائے، آمین۔ اور مزید مسلمانوں کی رہنمائی کی توفیقِ رفیق و ہمت عطا فرمائے۔ معلوم ہوا ہے کہ اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا دعوتِ اسلامی نے اِجراء فرمادیا ہے جو کہ دین ودنیا میں کامیابی وکامرانی کا آج کے دور میں ایک بہت ہی اَحسن اِقدام ہے۔ آجکل میڈیا کا دور ہے اور **مَدَنی چینل** کے ذریعے اچھے طریق سے تبلیغ اسلام ہوسکتی ہے۔ چونکہ آج کے دور میں عوام الناس مساجد اور مجالس میں بہُت

کم آتے ہیں لیکن اپنے گھروں میں بیٹھ کر ٹی وی چینل پر معلومات کرتے رہتے ہیں۔اس لیے U.K کے عوام کے لیے ٹی وی کا ہونا ضروری ہے۔اس لیے یوکے اور یورپ کے حضرات کے لیے خصوصاً برطانیہ کے غیور سنی مسلمانوں کے لیے جلد از جلد **مَدَنی چینل** ٹی وی پر جاری فرمایا جائے تاکہ مسلمان یورپ میں اپنے عقائد کی صحیح طریقہ سے حفاظت کرسکیں، اللہ تعالیٰ آپ کو ترقیاں عطا فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ محمّد

## (130) حضرت مولانا محمد ضیاء اللہ نورانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ شہابیہ شیر شاہ ولی احاطہ دولجند، خطیب وامام دربارِ حضرت شاہ جمال رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اچھرہ مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی چینل** دینِ اسلام اور اہلسنّت کے عقائد کی ترویج کا بہترین ذریعہ اور اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهْیٌ عَنِ الْمُنْکَر کی بہترین عملی صورت ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ محمّد

## (131) حضرت مولانا حافظ شمس الزمان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم شمس العلوم جامعہ بلالیہ، خطیب بلال مسجد بخشی پارک دارالسلام (ٹوبہ)، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی غلامانِ رسول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور

فدائیانِ رسول صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم پر مشتمل افراد کا ایک ایسا حسین گلدستہ ہے جن کو دیکھ کر سبز گنبد کی ہریالی یاد آجاتی ہے اور امیر اہلسنّت، قائدِ اہل سنت پیر طریقت رہبرِ شریعت ابو بلال حضرت مولانا الیاس عطار قادری عمّ فیوضُہ کی ذات مخلوقِ خدا عزوجل کیلئے ایک عظیم نعمت ہے، اللہ تعالٰی انکی زندگی دراز فرمائے جنہوں نے بہت ساری زندگیوں کو دین کی روح عطا کی ہے۔ عوام میں کافی دیر سے اس بات کی ضرورت کو محسوس کیا جارہا تھا کہ حضرت صاحب کی آواز کے ساتھ ساتھ انکی زیارت بھی ہوتو لذت وکیف میں بے حد اضافہ ہوتا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہ کمی **مَدَنی چینل** نے پوری کردی ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (132) حضرت مولانا قاری صدیق الرحمٰن مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خطیب وامام مسجد النور، ہارورو ڈنیو پورٹ برطانیہ)

**مَدَنی بھائی** U.K میں مَاشَاءَ اللّٰہ بہت اچھا کام کررہے ہیں اور مسلمانانِ یو۔کے کو صحیح اسلام پر قائم رکھنے کے لئے کوشاں ہیں، سنا ہے کہ آپ نے **مَدَنی چینل** کا بھی آغاز فرمادیا ہے، برطانیہ میں اس کی بہت اشد ضرورت

ہے۔ مسلمان اپنے عقائد کی حفاظت کے لیے کوشاں ہیں لہٰذا آپ سے مؤدبانہ عرض ہے کہ مسلمانانِ یو کے کی رہنمائی کے لیے سیٹیلائٹ چینل (**مَدَنی چینل**) جلد شروع کیا جائے تاکہ ہمارے عام مسلمان اس سے فائدہ حاصل کرسکیں اور اپنے عقائد کی حفاظت کرسکیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (133) حضرت مولانا محمد اکرم سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم ومدرس خطیب جامع مسجد الفرید دارالعلوم وجامعہ فریدیہ جناح پارک رحیم یار خان، پاکستان)

رمضان المبارک میں **مَدَنی چینل** دیکھا بہت خوشی ہوئی، میڈیا کے ذریعہ مسلک حق کی پرچار کا ایک بہترین ذریعہ ہے مزید تاثرات میں لکھ رہا ہوں مَدَنی مرکز کی طرف سے مجھے خط ملا ہے جس میں تأثرات کے بارے میں کہا گیا ہے وہ مرکز کو بھیجوں گا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

**مَدَنی چینل پر دیکھئے!**

تلاوتِ قرآن مجید، نعت رسولِ کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم، فیضانِ قرآن، فیضانِ کنز الایمان، فیضانِ حدیث، فیضانِ انبیاء علیہم السلام، فیضانِ صحابہ علیہم الرضوان، فیضانِ اولیاء علیہم الرحمہ، شیخ طریقت امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے سنتوں بھرے بیانات، مَدَنی مذاکرے، رقت انگیز دعا، دارالافتاء اہلسنّت، کمسن مبلغ، فیضانِ دعا، روحانی علاج، مَدَنی پھول کے کئی سلسلے۔



اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ
اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ ؕ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ



اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

# مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماء وشخصیّات کے تأثرات کے اقتِباسات

(قسطِ سوم)

## عنقریب پیش کیا جائے گا۔

### مکتبۃ المدینہ کی شاخیں

کراچی:۔ شہید مسجد کھارادر۔ فون: 2314045 - 2203311
لاہور:۔ دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ۔ فون: 7311679
سردارآباد (فیصل آباد):۔ امین پور بازار۔ فون: 2632625
کشمیر:۔ چوک شہیداں میرپور۔ 058-61037212
حیدرآباد:۔ فیضانِ مدینہ آفندی ٹاؤن۔ فون: 2620122
ملتان:۔ نزد پیپل والی مسجد اندرون بوہڑ گیٹ۔ فون: 4511192
راولپنڈی:۔ اصغر مال روڈ نزد عیدگاہ۔ فون: 4411665
پشاور:۔ فیضانِ مدینہ گلبرگ نمبر 1 انور اسٹریٹ صدر پشاور۔


مکتبۃ المدینہ
فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)
فون: 4921389-93/4126999 فیکس: 4125858
Email:maktaba@dawateislami.net \ www.dawateislami.net